

# البرٹا میں مواقع کا ہدایت نامہ (آپرچونیٹی البرٹا گائڈ)

ہر سال، کینیڈا سےاور پوری دنیا سے لوگ اپنی پسند کی جگہ کے طور پر، البرٹا میں کام کرنے اور یہاں رہنے کے لیے آتے ہیں۔ البرٹا میں اعلیٰ معیار زندگی، متنوع اور خوش آئند کمیونٹیز، شاندار مناظرہیں اور یہ اقتصادی ترقی پر ، روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر اور کاروباری افراد کے لیے کثیر مواقع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز ہے۔

اپنا موقع دریافت کریں

alberta.ca/opportunity

Alberta

https://open.alberta.ca/publications/opportunity-alberta-guide-urdu

**OpportunityAlbertaGuide|**LabourandImmigration
ISBN: 978-1-4601-5545-5|2022GovernmentofAlberta|Published:September2022©

# مضامین

البرٹا میں زندگی (لائف ان البرٹا) ........ 4
عارضی طور پر البرٹا آئیں ........ 7
البرٹا میں مستقل طور پر رہائش کریں ........ 10
البرٹا میں ملازمت کریں ........ 15
البرٹا میں کاروبار شروع کریں ........ 18
البرٹا کو اپنا گھر بنائیں ........ 20



# البرٹا میں زندگی (لائف ان البرٹا)

البرٹا ثقافتوں اور کمیونٹیز کے متنوع اقسام کے مجموعے (سیٹ) پر مشتمل ہے، جن میں سے ہر ایک کے اپنےمنفرد کردار ہیں اور کام کرنے کے منفردمواقع ہیں۔

# البرٹا میں زندگی(لائف ان البرٹا)

## البرٹا میں موجود موقع کو دریافت کریں

## البرٹا کیوں؟

البرٹا ثقافتوں اور کمیونٹیز کے متنوع اقسام کے مجموعے (سیٹ) پر مشتمل ہے جہاں بہت ساری عالمی معیار کی خدمات موجود ہیں۔

جو چیزیں البرٹا کو رہنے کے لیے ایک بہترین جگہ بناتی ہیں، ہماری کمیونٹیز ان کاحصہ ہیں ۔ البرٹا میں چھوٹے، دیہی قصبے اور کیلگری اور ایڈمنٹن جیسے بڑے شہر ہیں، جن کی آبادی بالترتیب 1.3 ملین اور 1 ملین ہے۔ ہر ایک کا اپنا منفرد کردار ہے اور ہر ایک کام کے بہت سے مواقع فراہم کرتا ہے۔

جبکہ البرٹا کینیڈا کا چوتھا سب سے زیادہ آبادی والا صوبہ ہے، یہ چوتھا سب سے بڑا صوبہ بھی ہے، جس کا مطلب ہے کہ فطرت تک پہنچنا کبھی مشکل نہیں ہوتا۔

## استطاعت

البرٹا میں خاندان عام طور پر کینیڈا کی دیگر جگہوں کے مقابلے میں زیادہ خاندانی آمدنی سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔

البرٹا رہن سہن کے اخراجات سے متعلق بہت سے فوائد بھی پیش کرتا ہے، جیسے:

- یونیورسل ہیلتھ کیئر (universalhealthcare)
- توانائی کے اخراجات میں بچت کرنے میں آپ کی مدد کے لیے ٹیکس میں چھوٹ اور کٹوتی
- کینیڈا میں سب سے کم ٹیکس
- زیادہ قابل استطاعت رہائش کے اختیارات
- قابل استطاعت بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر)

## صحت

البرٹا کا عالمی معیار کا صحت کی دیکھ بھال کا نظام لوگوں کو ہسپتالوں، کلینکس، سماجی معاونت کی مختلف خدمات اور اہل معالجین اور صحت کی دیکھ بھال کرنے والے کارکنوں تک رسائی فراہم کرتا ہے۔

## تعلیم


### کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک

البرٹا میں زبان یا مذہب کی بنیاد پر بہت سے اختیارات کے ساتھ ایک بہترین اور جامع تعلیمی نظام ہے۔ کنڈرگارٹن سے گریڈ 12 تک اسکول کی تعلیم مفت ہے اور 6 سے 16 سال کی عمر تک ضروری ہے۔ کیتھولک اور فرانکوفون کے اختیارات بھی دستیاب ہیں۔

### پوسٹ سیکنڈری تعلیم

26 یونیورسٹیوں اور کالجوں کے ساتھ، البرٹا میں سیکنڈری تعلیم کے بعد کے بہت سے اختیارات موجود ہیں۔ البرٹا حکومت ٹیوشن فیس کو سبسڈی دیتی ہے، اور صوبے بھر میں لاگت مختلف ہوتی ہے۔ آپ کی تعلیم کی ادائیگی میں مدد کے لیے مختلف قرضے، گرانٹس، برسری، وظائف، ایوارڈز اور دیگر تعلیمی فنڈز بھی موجود ہیں۔

جب آپ اپنی تعلیم شروع کرنے کے لیے البرٹا پہنچیں گے، تو آپ کا البرٹا کا اعلیٰ تعلیمی ادارہ آپ کی نئی طلباء کمیونٹی میں آباد ہونے میں آپ کی مدد کرے گا۔ البرٹا میں بہت سے مقامات انگریزی زبان کی تربیت فراہم کرتے ہیں، بشمول کالج اور یونیورسٹیز، تارکین وطن کی خدمت کرنے والی ایجنسیز، نجی کاروبار اور مذہبی اور کمیونٹی تنظیمیں۔



## ماحول اور موسم

کینیڈا کے چوتھے سب سے بڑے صوبے کے طور پر، البرٹا کے متنوع مناظر میں وسیع گھاس کےمیدان(پریئریز) ، جنگلات، پہاڑ، دریا اور جھیلیں شامل ہیں۔

### پارکس

البرٹا قدرتی ماحول کے تحفظ کو بہت سنجیدگی سے لیتا ہے۔ البرٹا کو اپنے قدرتی وسائل پر بہت فخر ہے اور یہ یقینی بنانے کے لیے سخت محنت کرتا ہے کہ البرٹا پارکس (Alberta Parks) کو برقرار رکھا جائے۔

پورے صوبے میں، پانچ یونیسکو کے عالمی ثقافتی ورثے (UNESCO World Heritage Sites) کے مقامات اور پانچ قومی پارکس کے ساتھ ساتھ 450 سے زیادہ صوبائی پارکس اور پیدل سفر،پہاڑوں میں سائکل چلانے (ماؤنٹین بائیکنگ)، ماہی گیری، کینوئنگ، یا کیمپ فائر کے پاس بیٹھنے کے لیے محفوظ علاقے ہیں۔

### آب و ہوا

البرٹا کو چارمختلف موسموں کا تجربہ ہوتا ہے: بہار، گرمی، خزاں اور سردی ، ہماری گرمیاں تھوڑی گرم ہوتی ہیں جہاں درجہ حرارت۳۰ ڈگریز سینٹی گریڈ تک پہنچ جاتا ہے، جب کہ سردیاں منفی ۳۰ ڈگریز سینٹی گریڈ تک سرد ہو سکتی ہیں۔ اگر آپ درجہ حرارت کے مطابق ملبوس ہیں، تو البرٹا میں سال کے کسی بھی وقت باہر (outdoors) کا تجربہ کرنا ممکن ہے۔

البرٹا کینیڈا کا سب سے دھوپ والا صوبہ ہے جس میں شمال میں 1,900 گھنٹوں تک اور جنوب میں 2,300 گھنٹوں تک سالانہ دھوپ ہوتی ہے۔

## ثقافت

البرٹا میں کرنے کے لیے ہمیشہ کچھ نہ کچھ ہوتا ہے۔ کینیڈا کے 'فیسٹیول سٹی' ('festival city')کے نام سے پہچانے جانے والا شہر ایڈمنٹن، سالانہ 50 سے زیادہ منفرد تہواروں کی میزبانی کرتا ہے، جیسے ہیریٹیج فیسٹیول (HeritageFestival) اور انٹرنیشنل فرینج تھیٹر فیسٹیول (International Fringe Theatre Festival)۔ کیلگری اسٹیمپیڈ (Calgary Stampede) اپنے روڈیو (rodeo) اور صوبے کے مغربی ورثے کو منانے والی نمائش کے لیے دنیا بھر میں مشہور ہے۔

### البرٹا میں فرانسیسی زبان بولنے والی کمیونٹیز

تقریباً 87,000 افراد کے ساتھ،البرٹا کی فرانسیسی مادری زبان (فرانکوفون) کی آبادی کینیڈا میں سب سے تیزی سے بڑھنے والی فرانسیسی بولنے والی آبادیوں میں سے ہے۔ البرٹا میں تقریباً 2,000 کمیونٹیز اور قدرتی سائٹس ہیں جن کے نام فرانسیسی زبان سے متاثر ہیں۔ البرٹا کی چار میونسپلٹیز بشمول بومانٹ (Beaumont) ، لیگل(Legal)، فالہر(Falher) اور پلیمونڈن (Plamondon) باضابطہ طور پر دو لسانی ہیں ۔

البرٹا کے تعلیمی نظام میں فرانسیسی زبان کے مختلف اختیارات ہیں، جن میں فرانکوفون اسکول، فرینچ ایمرشن (French immersion) اور فرانسیسی بطور دوسری زبان کے کورسز شامل ہیں۔





# عارضی طور پر البرٹا آئیں

عارضی طور پر البرٹا کی سیاحت کرنے، یہاں تعلیم حاصل کرنے یا
ملازمت کرنے کے اپنے اختیارات دریافت کریں

# عارضی طور پر البرٹا آئیں
## ہمارے صوبے کی پیشکش کا جائزہ لیں

### البرٹا کا دورہ کریں

اگر آپ سیاح کے طور پر، کاروبار کے لیے یا خاندان سے ملنے کے لیے البرٹا کا دورہ کر رہے ہیں، تو آپ کو کینیڈا کے وزیٹر ویزا یا حکومت کینیڈا کی طرف سے جاری کردہ الیکٹرانک سفری اجازت (eTA) کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

#### وزیٹر ویزا

ایک سیاح کے طور پر البرٹا جانے کے لیے، آپ کو کینیڈا کا وزیٹر ویزا درکار ہو سکتا ہے۔ وزیٹر ویزواحد داخلے (سنگل انٹری) یا متعدد انٹری (ملٹیپل انٹری) والا ہو سکتا ہے اور اس کی تاریخوں کی ایک وسیع رینج ہو سکتی ہے۔ جب آپ کینیڈا پہنچیں تو ویزا درست ہونا چاہیے۔

والدین(Parent) اور دادا دادی /نانا نانی (Grandparent)سپر ویزا (Super Visa) ایک متعدد انٹری (ملٹی انٹری) ویزا ہے جو 10 سال کی مدت تک کے لیے جاری کیا جا سکتا ہے۔ یہ اہل والدین اور دادا دادی/نانا نانی کو جتنی بار چاہیں اور ہر وزٹ پر 5 سال تک کے لیے— کینیڈا میں فیملی سے ملنے کا موقع دیتا ہے۔

#### کاروباری دوروں کے لیے

اگر آپ اپنے کاروبار کوفروغ دینے ، سرمایہ کاری کرنے یا اپنے کاروباری تعلقات کو آگے بڑھانے کے طریقے تلاش کرنے کے لیے کینیڈا جانے کا ارادہ رکھتے ہیں تو آپ کو بطور بزنس وزیٹر درخواست دینی ہوگی۔ کاروباری زائرین چھ ماہ تک قیام کر سکتے ہیں۔ کینیڈا میں زیادہ وقت رہنے یا کام کرنے کے لیے، ورک پرمٹ کے لیے درخواست دیں۔

### البرٹا میں تعلیم حاصل کریں

البرٹا کا اعلیٰ تعلیمی نظام بین الاقوامی سطح پر غیر معمولی یونیورسٹیز، کالجوں، تکنیکی اداروں اور جدید تحقیقی سہولیات کے لیے پہچانا جاتا ہے۔

البرٹا کے پوسٹ سیکنڈری ادارے اعلیٰ معیار کے تعلیمی پروگرامنگ فراہم کرتے ہیں جو پوری دنیا کے بہترین اور ذہین افراد کو زندگی بچانے والی اور زندگی کو بدلنے والی تحقیق کے لیے راغب کرتے ہیں۔ آپ کے لیے تعلیم کے دوران اور گریجویشن کے بعد کام کرنے کے مواقع بشمول مستقل رہائش حاصل کرنے کے راستے بھی موجود ہیں۔

البرٹا میں پوسٹ سیکنڈری اختیارات(آپشنس) مخصوص پیشہ ورانہ مہارتوں (trades)اور تکنیکی کام سے متعلق سرٹیفکیٹس، ڈپلوماز، اپلائیڈ ڈگریاں، اپرنٹس شپس اور تعلیم جاری رکھنےکے پروگرامس پیش کرتے ہیں۔ آپ کے پیشہ ورانہ اہداف کو پورا کرنے کے لیے مختلف پروگرام ہیں – صحت کی دیکھ بھال سے لے کر سائنس اور ٹیکنالوجی تک۔

اگر آپ البرٹا میں کسی متعین تعلیمی ادارے میں چھ ماہ سے زیادہ تعلیم حاصل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ کو کینیڈین اسٹڈی پرمٹ کی ضرورت ہوگی۔



## البرٹا میں ملازمت

عارضی غیر ملکی کارکن البرٹا کی معیشت کو ضروری مدد فراہم کرتے ہیں، صوبے بھر میں ترقی اور جدت طرازی کے لیے اپنی صلاحیتوں اور ہنرکا حصہ ڈالتے ہیں۔

### عارضی غیر ملکی کارکن ٹی ایف ڈبلیو(TFW) پروگرام

ٹی ایف ڈبلیو پروگرام(TFWProgram) کینیڈا کی حکومت کے ذریعے چلایا جاتا ہے اور دوسرے ممالک کے اہل شہریوں کو عارضی طور پر یا تین سال تک کینیڈا میں کام کرنے کے لیے درخواست دینے کی اجازت دیتا ہے۔یہ پروگرام تمام پیشوں اور مہارت کی سطحوں کا احاطہ کرتا ہے۔ البرٹا میں مقیم آجر سے ملازمت کی پیشکش کو حاصل کرنے کے علاوہ، آپ کو ورک پرمٹ یا لیبر مارکیٹ امپیکٹ اسیسمنٹ ((Labour Market Impact Assessment)(LMIA)) کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ ایل ایم آئی اے (LMIA) میں کچھ شرائط شامل ہیں، جیسے کہ آپ کہاں اور کس کے لیے کام کر سکتے ہیں، آپ کس قسم کا کام کرتے ہیں اور آپ کینیڈا میں کب تک کام کر سکتے ہیں۔

البرٹا کا عارضی غیر ملکی ورکرز ایڈوائزری آفس (Alberta's Temporary Foreign Workers Advisory Office) عارضی غیر ملکی کارکنوں، بین الاقوامی طلباء (کام کے اختیار نامے کے ساتھ) اور آجروں کو ان کے حقوق کو سمجھنے اور غیر منصفانہ، غیر محفوظ یا غیر صحت مند کام کرنے والے حالات کے حل تلاش کرنے میں مدد کرتا ہے۔

### بین الاقوامی نقل و حرکت پروگرام (آئی ایم پی) ((International Mobility Program(IMP))

بین الاقوامی نقل و حرکت کا پروگرام، جو حکومت کینیڈا کے ذریعے چلایا جاتا ہے، کینیڈا کے آجروں کو اجازت دیتا ہے کہ وہ ایل ایم آئی اے (LMIA) کے بغیر غیر ملکی کارکنوں کی خدمات حاصل کریں۔آئی ایم پی(IMP) (ایل ایم آئي اے (LMIA) مستثنیٰ)) ورک پرمٹ میں سے کسی ایک کے اہل ہونے کے لیے آپ کے پیشے کو LMIA کی ضرورت نہیں ہونی چاہیے:

آجر کے لیے مخصوص ورک پرمٹ آپ کو ایک مخصوص آجر کے لیے کام کرنے کی اجازت دیتا ہے۔ یہ ان لوگوں کے لیے ہے جو بین الاقوامی مخصوص مہارتوں (trades) کےمعاہدوں کے تحت کینیڈا میں عارضی طور پر کام کر سکتے ہیں۔

اوپن ورک پرمٹ آپ کو کسی بھی آجر کے لیے ایک مخصوص مدت کے لیے کام کرنے دیتا ہے۔ یہ بین الاقوامی طلباء کے لیے، میاں بیوی/ کامن لاء پارٹنرز کے لیے، اہل غیر ملکی شہری اور نوجوان جو سفر کرنا اور کام کرنا چاہتے ہیں، ان کے لیے کھلا ہے۔



### فوری لنکس اور رابطے کی معلومات

سفر کے لیے الیکٹرانک طور پر اجازت
https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/visit-canada/eta.html

البرٹا میں تعلیم حاصل کرنے کے بارے میں مزید جانیں
study.alberta.ca

چیک کریں کہ آیا آپ ٹی ایف ڈبلیو(TFW) پروگرام کے لیے اہل ہیں
cic.gc.ca/ComentoCanada

ٹی ایف ڈبلیو(TFW) پروگرام میں درخواست دیں
cic.gc.ca/english/work/apply-who-nopermit.asp

معلوم کریں کہ کیا آپ کو ایل ایم آئی اے(LMIA) کی ضرورت ہے
cic.gc.ca/english/work/apply-who-permit.asp

عارضی رہائشی معلومات
alberta.ca/temporary-residents.aspx

عارضی غیر ملکی کارکنوں کے لیے وسائل
alberta.ca/resources-temporary-foreign-workers.aspx

### ٹی ایف ڈبلیو اے ایڈوائزری آفس (TWFA Advisory Office) کے ساتھ

lbr.tfwao@gov.ab.ca

نارتھ لوکیشن – ایڈمونٹن: 780-644-2584
جنوبی لوکیشن – کیلگری403-476-4540



# البرٹا میں مستقل طور پر رہائش کریں

مستقل رہائش حاصل کرنے کے اختیارات تلاش کریں


# البرٹا میں مستقل طور پر رہائش کریں
## صوبائی اور وفاقی امیگریشن پروگرامس دریافت کریں

### عمومی جائزہ

ایسےمختلف قسم کے امیگریشن پروگرامس اور راستے ہیں، جو آپ البرٹا جانے کے لیےلے سکتے ہیں — یا تو بطور ایک کارکن یا ایک کاروباری کے ۔ ایک بار جب آپ مستقل رہائشی یا کینیڈا کے شہری بن جاتے ہیں تو آپ آزادانہ طور پر کینیڈا میں منتقل ہو سکتے ہیں۔

امیگریشن کے کچھ وفاقی (گورنمنٹ آف کینیڈا) پروگرامس، اور کچھ صوبائی (گورنمنٹ آف البرٹا) پروگرامس ہیں۔ البرٹا میں، صوبائی پروگرام کو البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (اے اے آئی پی) (Alberta Advantage Immigration Program (AAIP)) کہا جاتا ہے۔





### صوبائی نامزد (nominee) – پروگرام
### البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام
### (Alberta Advantage Immigration Program)

البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program) ایک اقتصادی امیگریشن پروگرام ہے جو ایسے لوگوں کو نامزد کرتا ہے جو کارکنوں اور کاروباری افراد سے متعلق صوبے کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

تمام اسٹریمز(Streams) میں ناقابل واپسی درخواست کی فیس ہے۔


اس پروگرام میں ان افراد کے لیے اسٹریمز (streams) ہیں جو البرٹا میں کام کر رہے ہیں یا کام کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، نیز وہ کاروباری افراد جوصوبے میں کاروبار قائم کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

## کارکنوں کے لیےاسٹریمز (Streams)

| | |
|---|---|
| البرٹا آپرچونٹی اسٹریم (Alberta Opportunity Stream) | ان اہل امیدواروں کے لیے جو البرٹا میں رہتے اور کام کرتے ہیں اور جن کے پاس البرٹا کےآجر کی طرف سے کل وقتی ملازمت کی پیشکش ہے۔ |
| البرٹا ایکسپریس اینٹری اسٹریم (Alberta Express Entry Stream) | حکومت کینیڈا کے ایکسپریس انٹری سسٹم کے اہل امیدواروں کے لیے جنہوں نے البرٹا کے ساتھ مضبوط تعلقات کا مظاہرہ کیا ہے یا جو البرٹا کی اقتصادی ترقی اور تنوع کی ترجیحات میں مدد کر سکتے ہیں۔ |
| ایکسیلریٹڈ ٹیک پاتھوے (Accelerated Tech Pathway) | ان امیدواروں کے لیے جو فی الحال البرٹا میں مقیم ٹیک انڈسٹری کے آجر کے لیے ایک اہل ٹیک (tech)پیشے میں کام کر رہے ہیں، یا اس آجر کی طرف سے نوکری کی پیشکش ہے۔ |
| رورل رینیؤل اسٹریم (Stream Rural Renewal) | ان اہل غیر ملکی شہریوں کے لیے جنہیں البرٹا کے کسی آجر کی طرف سے ایک نامزد دیہی البرٹا کمیونٹی میں کام کرنے کے لیے کل وقتی ملازمت کی پیشکش ہے۔ |

## اکاروبار شروع کرنے والوں (Entrepreneurs) کے لیے اسٹریمز (Streams)

| | |
|---|---|
| گریجویٹ انٹراپرانور اسٹریم (Graduate Entrepreneur Stream) | البرٹا کے منظور شدہ پوسٹ سیکنڈری اداروں کے بین الاقوامی گریجویٹس کے لیے، جو کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں یا موجودہ کاروبار کوخریدنا چاہتے ہیں۔ |
| فارین گریجویٹ انٹراپرانور اسٹریم (Foreign Graduate Entrepreneur Stream) | سائنس، ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اور ریاضی (STEM) کے بیرونی ملک میں تعلیم یافتہ، کینیڈا سے باہر کے گریجویٹس کے لیے، جوالبرٹا میں اسٹارٹ اپ(start-up) کاروباری مہم (انٹرپرائزز) اور اختراعی کاروبار شروع کرنا چاہتے ہیں۔ |
| رورل انٹراپرانور اسٹریم (Rural Entrepreneur Stream) | ان کاروباری افراد کے لیے جو دیہی کمیونٹیز میں کاروبار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے تیار ہیں۔ کاروبار شروع کر کے یا موجودہ کاروبار کو خرید کر، یہ اہل نئے آنے والے ملازمتیں پیدا کر سکتے ہیں، اور البرٹا کے بڑے شہری مراکز سے باہر مقامی معیشتوں کو متحرک کر سکتے ہیں۔ |
| فارم اسٹریم (Farm Stream) | تجربہ کار کسانوں کے لیے جو البرٹا میں کھیت (فارم) خریدنے یا کھیتی کا کام شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ |



## وفاقی پروگرامس

کینیڈا کی حکومت ملک میں تمام امیگریشن کی نگرانی کرتی ہے۔

### کینیڈا ایکسپریس انٹری (Canada Express Entry)

ایکسپریس انٹری (Express Entry)مستقل رہائش کی درخواستوں کے لیے ایک الیکٹرانک مینجمنٹ سسٹم ہے جسے امیگریشن، ریفیوجیز اور سٹیزن شپ کینیڈا (IRCC) کے ذریعے چلایا جاتا ہے۔

ایکسپریس انٹری تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، امیدواروں کو سب سے پہلے ایک پروفائل مکمل کرنا ہوگا، جو یہ ظاہر کرتا ہو کہ وہ اقتصادی وفاقی امیگریشن پروگراموں میں سے کسی ایک کے معیار پر کیسے پورےاترتے ہیں:

- کینیڈا کے تجربے کی کلاس (Canadian Experience Class)
- وفاقی ہنر مند کارکن پروگرام (Federal Skilled Worker Program)
- وفاقی مخصوص مہارتوں کا پروگرام (Federal Skilled Trades Program)

ایک بار مکمل ہونے کے بعد، امیدوار کو درجہ بندی کے نظام کا استعمال کرتے ہوئے نمبر دیے جائیں گے ۔ اعلیٰ ترین درجہ کے امیدواروں کو مستقل رہائش کے لیے درخواست دینے کے لیے آئی آر سی سی (IRCC) کی جانب سے دعوت نامہ موصول ہوگا۔

### امیگریشن سے متعلق پہل کاری پروگرامس(امیگریشن پائلٹ پروگرامس)

دی رورل اینڈ ناردرن امیگریشن پائلٹ **(Rural and Northern Immigration Pilot)** ایک کمیونٹی سے چلنے والا پروگرام ہے جو کہ ہنر مند غیر ملکی کارکنوں کے لیے مستقل رہائش کا راستہ بنا کر چھوٹی کمیونٹیز تک اقتصادی امیگریشن کے فوائد پھیلاتا ہے، جو ان میں سے کسی ایک میں کام کرنا اور رہنا چاہتے ہیں۔

ایگری فوڈ پائلٹ **(Agri-food Pilot)** کینیڈا کے زرعی خوراک کی پیداوار کے شعبے کی مزدوری کی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد کرتا ہے۔ یہ پائلٹ (پہل کاری) مخصوص صنعتوں اور پیشوں میں تجربہ کار، غیر موسمی (non-seasonal) کارکنوں کے لیے مستقل رہائش کا راستہ فراہم کرتا ہے۔

### کاروباری امیگریشن پروگرامس

یہ پروگرامس دوسرے ممالک کے کاروباری افراد اور ذاتی کاروبار کرنے والےلوگوں کو مستقل رہائشی بننے کا راستہ فراہم کرتے ہیں

اگر آپ کے پاس کوئی اختراعی کاروباری خیال یا منصوبہ ہے، تو آپ اسٹارٹ اپ ویزا **(Start-UpVisa)** کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کے منصوبے کو ایک نامزد تنظیم کے ذریعہ سپورٹ کیا جانا چاہئے۔

اگر آپ البرٹا میں خود ملازمت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، تو آپ سیلف ایمپلائیڈ پرسنز پروگرام**(Self-EmployedPersonsProgram)** کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ آپ کو ثقافتی سرگرمیوں یا ایتھلیٹکس میں متعلقہ تجربہ ہونا چاہیے۔

### فیملی اسپانسرشپ پروگرام

فیملی اسپانسرشپ پروگرام کینیڈا کے شہریوں یا مستقل رہائشیوں کو البرٹا میں رہنے، کام کرنے اور تعلیم حاصل کرنے کی اہلیت کے ساتھ رشتہ داروں کو مستقل رہائشی بننے کے لیے اسپانسر کرنے کے قابل بناتا ہے۔

### نگہداشت کرنے والوں کا پروگرام(Caregiver Program)

نگہداشت کرنے والوں کا پروگرام(Caregivers Program) ان دیکھ بھال کرنے والوں (کیئر گیورز) کے لیے ہے جن کا کینیڈا میں بچوں کی دیکھ بھال یا بزرگوں یا معذور افراد کے لیے گھر میں مدد فراہم کرنے کا دو سال کا تجربہ ہے ۔

### پناہ گزینوں کی دوبارہ سے آباد کاری (Refugee resettlement)

ریفیوجی اینڈ ہیومینٹیرین ری سیٹلمنٹ پروگرام (Refugee and Humanitarian Resettlement Program) ان لوگوں کے لیے ہے جنہیں تحفظ کی ضرورت ہے، جو کینیڈا اور اپنے آبائی ملک سے باہر ہیں۔ یہ لوگوں کو پناہ گزینوں کی کفالت (سپانسر) کے مواقع بھی فراہم کرتا ہے۔

### امیگریشن کے دوسرے راستے

اگر آپ کینیڈا میں ہیں، اور اگر آپ کو درخواست دینے کے لیے اپنے آبائی ملک واپس جانا پڑا تو آپ کو ضرورت سے زیادہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا، تو آپ انسانی ہمدردی اور ہمدردانہ غور و فکر کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ ایک درست عارضی رہائشی پر مٹ پرکینیڈا میں ہیں تو، آپ پرمٹ ہولڈر کلاس کے تحت مستقل رہائش کے لیے درخواست دے سکتے ہیں ،اگر آپ کو کینیڈا میں ناقابل قبول سمجھا گیا تھا۔

## غور کرنے والی باتیں

- آپ کو اپنی امیگریشن کی درخواست میں مدد کے لیے امیگریشن کے نمائندے یا وکیل کی خدمات حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

– نمائندہ یا وکیل کا استعمال درخواست کی کارروائی کو تیز نہیں کرے گا۔ اگر آپ کسی نمائندے کو استعمال کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو، کینیڈا اور البرٹا کی حکومتیں پھر بھی آپ کی درخواست کے بارے میں آپ سے براہ راست رابطہ کر سکتی ہیں۔ اگر آپ اپنی مدد کے لیے کسی نمائندے کو استعمال کرنے کا ذاتی طور پر انتخاب کرتے ہیں تو، آپ کو ایک فارم پُر کرنا چاہیے جس میں لکھا ہو کہ آپ نمائندہ استعمال کر رہے ہیں، ورنہ آپ کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے۔

– البرٹا میں امیگریشن کرنے کے لیے آپ کو درکار تمام معلومات مفت ہیں، تاہم درخواست کے لیے ایک فیس مقرر ہے۔ جس پروگرام کے لیے آپ درخواست دے رہے ہیں اس کے لیے مناسب فارم کااستعمال کریں۔

– اے اے آئی پی (AAIP)کو تصدیق شدہ ترجمہ درکار ہے۔ کسی بھی دستاویز کے ساتھ، جو انگریزی یا فرانسیسی زبان میں نہیں ہیں، ایک مصدقہ ترجمہ فراہم کریں اور اپنے دستاویزات کو اصل دستاویزات کی نقل کے ساتھ جمع کرائیں۔ کینیڈا میں مصدقہ مترجم تلاش کرنے کے لیے ایسوسی ایشن آف ٹرانسلیٹرس اینڈ انٹرپریٹرز آف البرٹا (ATIA) پر جائیں۔

- امیگریشن کےاسٹریم (stream) میں درخواست دینے سے پہلے، اپنی صوبائی یا وفاقی امیگریشن کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیے اپنا قومی پیشہ ورانہ درجہ بندی (این او سی) کوڈ (National Occupational Classification (NOC) code)) تلاش کریں۔ حکومت کینیڈا کی طرف سے تیار کردہ این او سی (NOC) کا نظام، کینیڈا میں ہر نوکری کی درجہ بندی کرتا ہے۔

### انٹرنیٹ پر دھوکہ بازیوں اور جھوٹی ویب سائٹس سے ہوشیار رہیں

کوئی بھی آپ کو کینیڈا میں ملازمت یا ویزا کی ضمانت نہیں دے سکتا۔ کینیڈا میں صرف امیگریشن افسران، کینیڈا کے سفارت خانے، ہائی کمیشنز اور قونصل خانے (consulates) ویزا جاری کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔

اپنے آپ کو امیگریشن فراڈ سے بچانے کا طریقہ سیکھیں۔
https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/protect-fraud.html

### فوری لنکس (Quicklinks)

یا ے اے آئي پی امیگریشن اسٹریمز(AAIP Immigration streams)
https://www.alberta.ca/alberta-advantage-immigration-program.aspx

حکومت کینیڈا کے پروگرامس
https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/immigrate-canada.html

اسوسیئیشن آف ٹرانسلیٹرز اینڈ انٹرپریٹرز (Association of Translators and Interpreters)
atia.ab.ca

اپنی قومی پیشہ ورانہ درجہ بندی (National Occupational Classification) تلاش کریں
https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/immigrate-canada/express-entry/eligibility/find-national-occupation-code.html

معلوم کریں کہ آیا آپ کا نمائندہ مجاز ہے
https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/immigration-citizenship-representative/choose/authorized.html



# البرٹا میں ملازمت کریں

البرٹا کی تنخواہیں کینیڈا میں سب سے زیادہ ہیں۔ ہمارے صوبے میں مواقع تلاش کرنے اور کام کرنے کا طریقہ سیکھیں۔

# البرٹا میں ملازمت کریں
## البرٹا میں کام تلاش کرنے کے بارے میں معلومات اور تعلیمی اسناد

### نوکری تلاش کریں

البرٹا کی تنخواہیں کینیڈا میں سب سے زیادہ ہیں۔ آجر، کام کے اوقات اور تعلیمی قابلیت کے ساتھ ساتھ مطلوبہ تجربے اور عہدے کی ذمہ داریوں کے لحاظ سے، البرٹا میں تنخواہیں مختلف ہوتی ہیں۔

بہت سی تنظیمیں اور وسائل ہیں جو آپ کو البرٹا میں کام تلاش کرنے اور اپنا کیریئر بنانے میں مدد کر سکتے ہیں:

- البرٹا سپورٹ سینٹرز (Alberta Supports Centres) البرٹا بھر میں روزگار کے پروگرام اور خدمات فراہم کرتے ہیں۔ اس میں جاب کے میلے، ورکشاپس، معلوماتی سیشنز، اور لیبر مارکیٹ کی معلومات شامل ہیں۔
- ایلیس (Alis) ایک آن لائن وسیلہ ہے جس میں نوکریاں تلاش کرنے، اپنے مختصر شخصی کوائف (résumé) کا خاکہ تیار کرنے اور انٹرویو کی تیاری، اور آپ کی تنخواہ پر بات چیت کرنے کے مشورے ہیں۔
- تارکین وطن کی خدمت کرنے والی ایجنسیز نئے آنے والوں کو خدمات پیش کرتی ہیں، بشمول نوکری تلاش کرنے میں مدد
- کام کی تلاش کی بنیادی باتیں (Work Search Basics) آپ کو البرٹا میں کام تلاش کرنے کے لیے علم اور وسائل فراہم کر سکتی ہیں۔
- گورنمنٹ آف کینیڈا کے جاب بینکس (Job Banks) کے پاس البرٹا میں ملازمت کے موجودہ مواقع کی فہرست ہے — ہر روز نئی ملازمتوں کی تشہیر کی جاتی ہے۔ اپنے تلاش کے وقت کو کم کرنے کے لیے، جاب میچ کے ذریعے وہ ملازمتیں تلاش کریں جو آپ کی مہارت اور تجربے سے مماثل ہوں۔
- ملازمتیں تلاش کرنے کے لیے دیگر مقامات میں البرٹا جاب پوسٹنگز(AlbertaJobPostings) اور ویب سائٹس شامل ہیں جو پورے البرٹا میں مواقع کی تشہیر کرتی ہیں۔

### نیٹ ورک کریں اور لوگوں سے بات کریں

کام تلاش کرنے کا دوسرا طریقہ نیٹ ورکنگ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اپنے دوستوں، پڑوسیوں یا اپنی کمیونٹی کے لوگوں سے ایسی ملازمتیں تلاش کرنے کے لیے بات کریں جن کی تشہیر نہ کی گئی ہو۔

مندرجہ ذیل رہنمائی کے پروگرام آپ کو اپنے پیشے میں کام کرنے والے کسی فرد سے جوڑ سکتے ہیں۔

- ایڈمنٹن ریجن امیگرنٹ ایمپلائمنٹ کونسل (ای آر آئی ای سی) ((Edmonton Region Employment Council (ERIEC)
- کیلگری ریجن امیگرنٹ ایمپلائمنٹ کونسل (سی آر آئی ای سی) (Calgary Region Immigrant Employment Council (CRIEC)



### روزگار کی ایجنسیزکے ساتھ رجسٹر کریں۔

لائسنس یافتہ ملازمت کی ایجنسیز بھی آپ کو صحیح ملازمت تلاش کرنے میں مدد کر سکتی ہیں۔ کچھ ایجنسیز عارضی ملازمت کی پلیسمنٹس میں مہارت رکھتی ہیں۔ دیگر ایجنسیزمخصوص صنعتوں پر توجہ مرکوز کرتی ہیں۔ ملازمت کی ایجنسیز آپ کو نوکری تلاش کرنے میں مدد کرنے کے لیے آپ سے کوئی فیس نہیں لے سکتی ہیں۔ اس لاگت کو آجر کے ذریعے پورا کرنا چاہیے۔

### اپنا ریزیومے(resume) اور کور لیٹر(cover letter) بنائیں یااس کو بہتر کریں

آپ کے ریزیومے(resume) میں آپ کی مہارتیں شامل ہونی چاہئیں اور ان مخصوص چیزوں کو اجاگر کرنا چاہیے جن کی آجر کو ضرورت ہے۔ آپ کا کور لیٹر (cover letter) عام طور پر ایک صفحے کا دستاویز ہونا چاہیے جو آپ کے تجربے کا خلاصہ کرتا ہے اور یہ بتاتا ہے کہ آپ نوکری کے لیے بہترین امیدوار کیوں ہیں۔

## اپنے اختیارات دریافت کریں

آپ کو نوکری کی پیشکش حاصل کرنے سے پہلے کئی عہدوں کے لیے درخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ قیمتی تجربہ بنانے یا اپ گریڈ کرنے میں مدد کے لیے متعلقہ علاقے میں ملازمتوں کے لیے درخواست دینے پر غور کریں۔

رضاکارانہ خدمات آپ کو کینیڈین کام کا تجربہ بنانے، اپنی مہارتوں کو بہتر بنانے اور اپنے پیشہ ورانہ اور ذاتی نیٹ ورک کو تیار کرنے میں بھی مدد کر سکتی ہیں۔

ہو سکتا ہے ایک عارضی ملازمت آپ کی تعلیم یا پیشہ ورانہ تربیت کے مطابق نہ ہو۔ تاہم، یہ آپ کو کینیڈین کام کا تجربہ حاصل کرنے، انگریزی زبان کی مہارت کو بہتر بنانے، کینیڈا کے کام کی جگہ کی ثقافت کے بارے میں جاننے، نئے لوگوں سے ملنے اور آپ کے رابطوں کا نیٹ ورک بنانے میں مدد کر سکتی ہے۔

## اسناد اور قابلیت

تعلیمی اور پیشہ ورانہ قابلیت اور معیار ہر ملک میں مختلف ہوتے ہیں۔ آپ کو اپنی بین الاقوامی اسناد کا جائزہ لینے کی ضرورت پڑسکتی ہے تاکہ یہ دیکھ پائیں کہ وہ البرٹا کے معیارات سے کس طرح موازنہ کرتے ہیں۔

آپ کی تعلیمی اسناد ایسےسرٹیفکیٹس ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ آپ نے ہائی اسکول یا پوسٹ سیکنڈری تعلیم مکمل کر لی ہے۔ انٹرنیشنل کوالیفیکیشن اسسمنٹ سروس (آئی کیو اے ایس) (The International Qualifications Assessment Service (IQAS)) آپ کے بین الاقوامی تعلیمی اسناد کا جائزہ لے گی ، یہ دیکھنے کے لیے کہ وہ البرٹا کے معیارات سے کس طرح موازنہ کرتے ہیں۔

## باضابطہ (ریگولیٹڈ) پیشے

ریگولیٹڈ پیشوں کو پیشہ ورانہ ریگولیٹری اداروں کی طرف سے تسلیم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ کارکن مشق کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ کینیڈا آنے سے پہلے، آپ کو امیگریشن کے مقاصد کے لیے اپنی اسناد کا جائزہ لینا چاہیے۔ ایک بار جب آپ کینیڈا میں ہوتے ہیں، تو آپ کے پیشے میں کام کرنے کے لیے لائسنس حاصل کرنے کا ایک الگ عمل ہوتا ہے۔ آپ کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ ضروری کاروائی کے متعلق جاننے کے لیے کینیڈا پہنچنے سے پہلے اپنے پیشے سے متعلق پروفیشنل ریگولیٹری باڈی سے رابطہ کریں۔

البرٹا میں نامزد مخصوص مہارت والے پیشے(trade) میں کام کرنے کے لیے آپ کو ایک تسلیم شدہ سند کی ضرورت ہے۔ البرٹا میں ملازمت کے لیے درخواست دینے یا ملازمت کو قبول کرنے سے پہلے، یہ یقینی بنائیں کہ آپ کی اسناد صوبائی معیارات پر پورا اترتی ہیں۔ اگر آپ کی اسناد البرٹا میں تسلیم نہیں کی جاتی ہیں، تو آپ کو یا تو، a) ا پرنٹیس بننے کی ضرورت ہو سکتی ہے؛ یا b) اپنی مخصوص مہارت والے پیشے (trade) میں تصدیق شدہ بننے کے لیے ٹریڈز کوالیفائر پروگرام (trades qualifier program) میں درخواست دینے کے لیے اپنے کام کے تجربے کا استعمال کرسکتے ہیں۔

### فوری لنکس (Quicklinks) اور رابطے کی معلومات

البرٹا سپورٹز کےمراکز (Alberta Supports Centres)
alberta.ca/alberta-supports.aspx

ایلس (Alis)
alis.alberta.ca/look-for-work

روزگار کی خدمات (Employment services)
alberta.ca/employment-services.aspx

البرٹا اسوسیئیشن آف ایمیگرنٹ سرونگ ایجنسیز (اے اےآئی ایس اے)
Alberta Association of Immigrant Serving Agencies (AAIS)
aaisa.ca/membership-directory

کام کی تلاش کی بنیادی باتیں (Work Search Basics)
alis.alberta.ca/look-for-work/find-work/work-search-/basics

جاب بینکس (Job banks)
ab.jobbank.gc.ca/home-eng.do
alis.alberta.ca/occinfo/jobs-in-alberta
alis.alberta.ca/categories/look-for-work/job-banks

نیٹ ورکنگ (Networking)
ایڈمونٹن - eriec.ca/career-mentorship-program
کیلگری - criec.ca

غیر ملکی قابلیت کی شناخت (Foreign Qualification Recognition)
alberta.ca/foreign-qualification-recognition.aspx

بین الاقوامی قابلیت کی تشخیص سروس(کیو اے ایس) (International Qualifications (Assessment Service) (IQAS)
alberta.ca/IQAS)

رضاکار البرٹا (Volunteer Alberta)
volunteeralberta.ab.ca/for-volunteers/find-a-volunteer-/opportunity



# البرٹا میں کاروبار شروع کریں

البرٹن میں ایک کاروباری جذبہ موجودہے جس کو ایک نوجوان، تعلیم یافتہ اور متنوع افرادی قوت سے مدد ملتی ہے۔ ہمار کارپوریٹ ٹیکس بھی کینیڈا میں سب سے کم ہے اور یہاں کوئی صوبائی سیلز ٹیکس نہیں ہے۔

# البرٹا میں ایک کاروباری تنظیم کار (انٹراپرانور) بنیں
## کاروبار شروع کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات

## عمومی جائزہ

البرٹا اپنا کاروبار شروع کرنے کے لیے ایک بہترین جگہ ہے۔ البرٹا کے باشندوں میں ایک کاروباری جذبہ ہے جس کو ایک نوجوان، تعلیم یافتہ اور متنوع افرادی قوت سے مدد ملتی ہے۔ ہمارا کارپوریٹ ٹیکس بھی کینیڈا میں سب سے کم ہے اور یہاں کوئی صوبائی سیلز ٹیکس نہیں ہے۔

ہم باصلاحیت نئے آنے والوں اور ملازمت پیدا کرنے والے کاروباری افراد کا خیرمقدم کرتے ہیں جو البرٹا میں منتقل ہوں گے، یہاں رہیں گے اور کام کریں گے۔

ان اسٹریمس (stream) کے بارے میں معلومات کے لیے البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام (Alberta Advantage Immigration Program) (صفحہ 11) دیکھیں جو آپ کو کاروبار کھولنے اور البرٹا میں مستقل طور پر رہنے کے قابل بناتے ہیں۔

اگر آپ کے سوالات ہیں یا اپنی درخواست میں مدد کی ضرورت ہے تو entrepreneur.supportservice@gov.ab.ca پر ای میل کریں۔

## وسائل

**البرٹا میں چھوٹے کاروباریں**(Small businesses)
چھوٹے کاروبار (small business)کی تخلیق میں، البرٹا ملک کی قیادت کرتا ہے۔

کاروبار شروع کرتے وقت، البرٹا کے کاروباری افراد کو پروگرام اور خدمات فراہم کنندگان تک رسائی حاصل ہوتی ہے، جو مشورہ اور کوچنگ، فنانسنگ اور ٹریننگ اور مارکیٹ کی توسیع اور گرانٹ فنڈنگ کے بارے میں معلومات کے ذریعے مدد کرتے ہیں۔

البرٹا میں کاروبار شروع کرنے، کاروبار چلانے اور چھوٹے کاروباروں کے لیے لائسنس اور اجازت نامہ حاصل کرنے کا طریقہ معلوم کریں۔

**بزنس لنک (BusinessLink)**
بزنس لنک تارکین وطن کاروباریوں کے لیے خدمات پیش کرتا ہے۔ ان خدمات میں شامل ہیں:

- انفرادی(one-on-one) کوچنگ کی مدد
- معلوماتی وسائل، گائیڈ بکس اور چیک لسٹس
- تربیت اور ورکشاپس
- نیٹ ورک ریفرل بلڈنگ(network referral building)

**کمیونٹی فیوچرز البرٹا(Community Futures Alberta)**
کمیونٹی فیوچرز نیٹ ورک آف البرٹا (سی ایف این اے) (Community Futures Network of Alberta(CFNA)) پورے دیہی البرٹا میں اپنے ۲۷ کمیونٹی فیوچرز (Community Futures)

دفاتر کے ذریعے چھوٹے کاروبار کی ترقی اور دیہی اقتصادی ترقی کی پیشکش کرتا ہے۔

سی ایف این اے (CFNA) دفاتر کی طرف سے پیش کردہ خدمات میں شامل ہیں:

- کاروباری منصوبہ لکھنے میں آپ کی مدد کرنا
- مارکیٹنگ کا منصوبہ یا کاروبار کی توسیع کی حکمت عملی
- نفرادی(one-on-one) کوچنگ اور کاروبار سے متعلق تعلیم (بزنس مینٹرنگ)

**فوری لنکس (Quicklinks) اور رابطے کی معلومات**

چھوٹے کاروبار کی تخلیق
alberta.ca/small-business-resources.aspx

بزنس لنک Business Link
businesslink.ca/what-we-do/immigrant-entrepreneur-program/

کمیونٹی فیوچرز نیٹورک آف البرٹا (Community Futures Network of Alberta)
albertacf.com



# البرٹا کو اپنا گھر بنائیں

البرٹا میں اپنی نئی زندگی کی روزمرہ کی تفصیلات دریافت کریں:
رہائش سے لے کر تعلیم تک

# البرٹا کو اپنا گھر بنائیں
البرٹا میں آباد ہونے میں آپ کی مدد کے لیے معلومات

## آپ کے پہنچنے سے پہلے
کینیڈا کی حکومت اور البرٹا کی حکومت دونوں نئے آنے والوں کو آمد سے پہلے کی معلومات اور خدمات پیش کرتی ہیں۔ ان میں سے کچھ خدمات صرف کینیڈا سے باہر کے لوگوں کے لیے دستیاب ہیں اور کچھ خدمات آپ کی مستقل رہائش کی تصدیق کے ساتھ کینیڈا پہنچنے کے بعد دستیاب ہوتی ہیں۔ ایسی خدمات بھی ہیں جو صوبہ عارضی رہائشیوں کو ورک پرمٹ، نیچرلائزڈ (naturalized) کینیڈینز، اور پناہ گزینوں کے دعویداروں کو پیش کرتا ہے۔

### صوبائی معلومات
البرٹا آنے سے پہلے، آپ کو وقت اور پیسہ بچانے کے لیے اپنی اہم دستاویزات جمع کرنے کی ضرورت ہے۔ آپ کو ان دستاویزات کو آجروں، صوبائی ریگولیٹرز، تعلیمی اداروں، اور اسناد کی تشخیص کرنے والی ایجنسیز کے ساتھ استعمال کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

ان دستاویزات میں درج ذیل شامل ہیں:

- درست پاسپورٹ
- امیگریشن کی دستاویزات
- کام کے حوالے کے خطوط
- اسکول/یونیورسٹی کی نقلیں

### وفاقی خدمات
ایک بار جب آئی آر سی سی (IRCC) آپ کی مستقل رہائش کی درخواست منظور کر لیتا ہے – اگر آپ ابھی بھی کینیڈا سے باہر ہیں – تو آپ اور آپ کا خاندان مفت میں شخصی طور پر (ان پرسن) اور آن لائن خدمات حاصل کر سکتے ہیں تاکہ کینیڈا میں زندگی کی تیاری اور مطابقت ( ایڈجسٹمنٹ) میں مدد مل سکے۔

یہ پیشگی آمد کی خدمات (pre-arrivalservices) آپ کی مدد کر سکتی ہیں:

- اپنے کینیڈا جانے کی تیاری کرنے میں
- اپنی تعلیم، کام کا تجربہ اور کینیڈا میں تسلیم شدہ اسناد حاصل کرنے میں
- نوکری تلاش کرنے کے لیے آجروں سے رابطہ کرنے میں
- کینیڈا پہنچنے کے بعد مفت خدمات سے جڑنے میں

### آباد کاری اور انضمام

**نئے آنے والوں کی خدمات**
البرٹا میں تارکین وطن کی متعدد تنظیمیں ہیں جہاں آپ مختلف آبادکاری کی خدمات (سیٹلمنٹ سروسز) تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔

البرٹا ایسوسی ایشن آف امیگرنٹ سرونگ ایجنسیز کے ذریعے دستیاب خدمات کے بارے میں مزید جانیں۔

> امیگریشن، ریفیوجیز اینڈ سٹیزن شپ کینیڈا **(IRCC)** ویلکم ٹو کینیڈا **(Welcome to Canada)** کا گائیڈ پڑھیں (cic.gc.ca/english/pdf/pub/welcome.pdf)

## ہاؤسنگ

بہت سے افراد اور خاندان، بشمول نئے آنے والے، پہلے کرایہ پر گھرلیتے ہیں جب تک کہ وہ گھر خریدنے کے لیے ڈاؤن پیمنٹ کے لیے کافی بچت نہ کر لیں۔

### گھر کرائے پر لینا

گھر کرائے پر لیتے وقت، آپ کو مکان کے مالک کے ساتھ کرایہ کے معاہدے یا لیز پر دستخط کرنے کی ضرورت ہوگی۔ معاہدہ ایک مقررہ مدت کے لیے ہو سکتا ہے، مثال کے طور پر، ایک سال، یا مہینہ بہ مہینہ۔

آپ کے ماہانہ کرایے کی ادائیگی کے علاوہ، آپ کو دیگر اخراجات پر غور کرنے کی ضرورت ہوگی۔ کرایے کی قیمتوں میں یوٹیلیٹیز جیسے کہ بجلی اور ہیٹنگ شامل ہو بھی سکتی ہیں یا نہیں بھی شامل ہو سکتی ہیں – کسی معاہدے پر دستخط کرنے سے پہلے مالک مکان سے معلوم کر لیں۔

زیادہ تر مکان مالکان آپ سے یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ آپ گھرمیں رہنا سروع کرنے سے پہلے سیکیورٹی ڈپازٹ ادا کریں۔ یہ گھر کو ہونے والے کسی بھی ممکنہ نقصان کا احاطہ کرتا ہے۔ اگر کوئی نقصان نہیں ہوتا ہے تو، جب آپ گھر چھوڑ کر جائیں گے تو آپ کو پوری رقم واپس مل جائے گی۔

### گھر خریدنا

آپ البرٹا میں کسی رئیلٹر (realtor)سے رابطہ کرکے یا نجی فروخت کے ذریعے گھر خرید سکتے ہیں۔

ایک ریئلٹر(realtor)، جسے رئیل اسٹیٹ ایجنٹ (real estate agent) بھی کہا جاتا ہے، ایک پیشہ ور ہے جو لوگوں کو گھر خریدنے اور بیچنے میں مدد کرتا ہے۔ ریئلٹرز (Realtors) اپنی خدمات کے لیے فیس لیتے ہیں۔ زیادہ تر وقت، گھر بیچنے والا رئیلٹر(realtor) کی تمام فیس ادا کرتا ہے، لیکن آپ کو ریئلٹر (realtor) کے ساتھ کام کرنے پر اتفاق کرنے سے پہلے اس کے بارے میں پوچھنا چاہیے۔



**فوری لنکس (Quicklinks) اور رابطہ کی معلومات**

سروس البرٹا-کرائے کے معاہدے
https://www.alberta.ca/rental-agreements.aspx

کینیڈین مورگیج اینڈ ہاؤسنگ کارپوریشن
https://www.cmhc-schl.gc.ca/en

## نقل و حمل

### پبلک ٹرانزٹ

البرٹا میں پبلک ٹرانزٹ میں بسیں اور ٹرینیں شامل ہیں۔ وہ شہر کے اندر سفر کرنے میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ مزید جاننے کے لیے، اپنی میونسپلٹی سے رابطہ کریں یا آن لائن تلاش کریں۔

### لمبی دوری کا سفر

صوبے کے اندر اور صوبے سے باہر سفر کے لیے، اہم اختیارات بس، ٹرین یا ہوائی جہاز کے ذرائع ہیں۔ البرٹا کے ۱۱ ہوائی اڈے ہیں، بشمول دو بین الاقوامی ہوائی اڈے، ،ایک ایڈمنٹن اور ایک کیلگری میں ۔

### ڈرائیور کا لائسنس حاصل کرنا

یہاں تک کہ اگر آپ کار رکھنے یا چلانے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں، تب بھی یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ آپ کے پاس شناخت کے لیے اور رہائشی مقام کے ثبوت کی مقصد کے لیے البرٹا کا ڈرائیور کا لائسنس ہو۔

البرٹا میں، نئے ڈرائیوروں کو گریجویٹڈ ڈرائیورز لائسنس (جی ڈی ایل) پروگرام (Graduated Driver's Licence (GDL) program) سے گزرنا ہوگا۔ اس میں ایک نالج ٹیسٹ (knowledge test)، دوسال کا معاون ڈرائیونگ کا تجربہ (ایک سال لائسنس کی معطلی سے پاک) اور ایک بر تر (advanced) روڈ ٹیسٹ)) شامل ہیں۔ اگر آپ کے پاس پہلے سے ہی ڈرائیور کا لائسنس ہے، تو آپ جی ڈی ایل (GDL) پروگرام میں شرکت کیے بغیر البرٹا لائسنس کے لیے اپنے کینیڈین یا بین الاقوامی لائسنس کا تبادلہ کر سکتے ہیں یا جی ڈی ایل (GDL)پروگرام میں وقت کم کرنے کے لیے اپنے ڈرائیونگ کے تجربے کو کریڈٹ کر سکتے ہیں۔

### گاڑی خریدنا، بیمہ کرنا اور رجسٹر کرنا

ایک گاڑی جو البرٹا میں چلائی جا رہی ہے اسے خریدنے کے بعد اس کا بیمہ کروانا اور اسے رجسٹر کروانا ضروری ہے۔

اگر آپ موٹر گاڑی رکھنے یا چلانے کا ارادہ نہیں رکھتے ہیں، تو آپ اپنی شناخت کے لیے اور رہائشی ثبوت کے مقاصد کے لیے البرٹا شناختی کارڈ (Alberta ID card) کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔



### فوری لنکس (Quicklinks) اور رابطہ کی معلومات

گاڑی خریدیں یا لیز پر لیں
https://www.alberta.ca/buying-selling-vehicle.aspx

گاڑی کا بیمہ کروائیں
https://albertaairb.ca

لائسینس پلیٹ حاصل کریں
https://www.alberta.ca/licence-plates.aspx

ڈرائور کا لائسینس حاصل کریں
https://www.alberta.ca/get-drivers-licence.aspx

ایک غیر البرٹا (non-Alberta) ڈرائور ز لائسینس کے ساتھ تبادلہ کریں
https://www.alberta.ca/exchange-non-alberta-licences.aspx

## صحت کی دیکھ بھال

**البرٹا ہیلتھ کیئر انشورنس پلان( اے ایچ سی آئی پی)**
**(Alberta Health Care Insurance Plan(AHCIP))**

( اے ایچ سی آئی پی(AHCIP) کے ذریعے البرٹا مفت بنیادی صحت کا بیمہ فراہم کرتا ہے۔ یہ منصوبہ مستقل اور عارضی رہائشیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ یہ زائرین یا سیاحوں کا احاطہ نہیں کرتا ہے۔

البرٹا پہنچنے کے تین ماہ کے اندر آپ کو اے ایچ سی آئی پی(AHCIP) کے لیے رجسٹر کرنا ضروری ہے۔

**احاطہ شدہ اخراجات**

اے ایچ سی آئی پی(AHCIP) بہت سے طبی اخراجات کا احاطہ کرتا ہے، لیکن سب کچھ نہیں۔ جن خدمات کا احاطہ نہیں کیا جاتا ہے ان خدمات کے لیے پرائیویٹ ہیلتھ انشورنس تجویز کی جاتی ہے ۔ بہت سے آجر ایسے انشورنس پلانس پیش کرتے ہیں جو ان خدمات کی ادائیگی میں مدد کرتے ہیں۔ اس کی اگر کوئی فیس ہو تو، اسے آپ کے کام کے معاوضے کے پیکج کے حصے کے طور پر شامل کیا جانا چاہیے۔

اگر آپ کا آجر صحت کا منصوبہ پیش نہیں کرتا ہے، یا اگر آپ اپنے کاروبار میں خود ملازم ہیں، تو آپ نجی انشورنس کمپنی سے ذاتی صحت کا بیمہ خرید سکتے ہیں۔

**صحت کی دیکھ بھال کی خدمات تک کیسے رسائی حاصل کریں**

اے ایچ سی آئی پی (AHCIP)میں رجسٹر ہونے کے بعد، آپ کو اپنے اور آپ کے خاندان کے لیے ذاتی صحت کی دیکھ بھال کا کارڈ (ہیلتھ کیئر کارڈ) ملے گا۔ جب آپ ڈاکٹر سے ملیں تو آپ کو یہ کارڈ استعمال کرنا چاہیے۔

آپ کے کارڈ کے ساتھ ڈاکٹر، لیبارٹری، ہیلتھ کلینک اور ہسپتال کے دورے مفت ہیں۔ اگر آپ کے پاس اپنا کارڈ نہیں ہے، تو آپ سے ملاقات کا معاوضہ لیا جا سکتا ہے۔

**واک ان ہیلتھ کلینکس**(Walk-in healthclinics) **اور فیملی ڈاکٹرس**

آپ کو واک اِن کلینک جانے کے لیے اپوائنٹمنٹ کی ضرورت نہیں ہے لیکن آپ کو فیملی ڈاکٹر سے ملنے کے لیے اپوائنٹمنٹ لینا ہوگا۔ نئے مریضوں کو قبول کرنے والے ڈاکٹر کو تلاش کرنے کے لیے فوری لنکس (quicklinks) سیکشن کا جائزہ لیں۔

**ہنگامی طبی خدمات**

اگر آپ خود محفوظ طریقے سے ہسپتال نہیں جا سکتے ہیں، تو 911 پر کال کریں، اور ایک ایمبولینس آپ کو قریبی ہسپتال لے جانے کے لیے آئے گی۔ ایمبولینس استعمال کرنے کے لیے آپ سے فیس وصول کی جائے گی اگر آپ کے پاس پرائیویٹ ہیلتھ انشورنس (Private Health Insurance) نہیں ہے جو اس کا احاطہ کرتی ہے۔

**دماغی صحت کی خدمات** (مینٹل ہیلتھ سروسز)

بہت سے لوگ اپنی زندگی کے کسی نہ کسی موقع پر دماغی صحت کی بیماری کا تجربہ کریں گے، اور یہاں تک کہ اگر آپ خود اس کا شکار نہیں ہوتے ہیں، تو آپ کسی عزیز کی ذہنی صحت کے مسائل سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ دماغی صحت کے مسائل، لت، بحرانی حالات اور مزید کے لیے مفت صحت کی خدمات دستیاب ہیں۔

**مالی مدد**

اگر آپ کے خاندان کی آمدنی کم ہے، تو آپ البرٹا ایڈلٹ ہیلتھ بینیفٹ (Alberta Adult Health Benefit) یا البرٹا چائلڈ ہیلتھ بینیفٹ(Alberta Child Benefit) کے ذریعے حکومتی مالی مدد کے اہل ہو سکتے ہیں۔



**فوری لنکس (Quicklinks) اور رابطہ کی معلومات**

ایک ایسا /ایسی ڈاکٹر تلاش کریں جو نئے مریضوں کو قبول کر رہا/رہی

https://www.albertahealthservices.ca/info/Page13253.aspx

## تعلیم

### پرائمری اور سیکنڈری تعلیم
پانچ سے 19 سال کی عمر کے بچوں کے لیے عوامی تعلیم مفت ہے۔ البرٹا میں، چھ سے 16 سال کی عمر کے بچوں کو اسکول جانا ضروری ہے۔ والدین اپنے بچے کو کنڈرگارٹن بھیجنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ سکول سسٹم کو ۱۲ گریڈ لیولز میں تقسیم کیا گیا ہے۔

### پوسٹ سیکنڈری تعلیم اور بالغوں کے لیے تعلیم
ہر عمر کے بالغ افراد اسناد حاصل کرنے، اپنے علم کو بہتر بنانے اور نئی مہارتیں سیکھنے کے لیے پوسٹ سیکنڈری پروگرام لیتے ہیں۔

اگر آپ مزید تعلیم یا تربیت میں دلچسپی رکھتے ہیں تو البرٹا ایڈوانسڈ ایجوکیشن (Alberta Advanced Education) معلومات، وسائل اور مدد فراہم کرتا ہے۔

آپدرج ذیل مختلف قسم کے اداروں اور پوسٹ سیکنڈری پروگراموں میں سے انتخاب کر سکتے ہیں:

- یونیورسٹیاں انڈرگریجویٹ اور گریجویٹ ڈگری پروگرام س پیش کرتی ہیں۔
- پبلک کالجز سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ، تعلیمی اپ گریڈنگ، یونیورسٹی ٹرانسفر، اپرنٹس شپ، مسلسل تعلیم اور اپلائیڈ ڈگری پروگرام پیش کرتے ہیں۔
- پرائویٹ کالجز سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ، تعلیمی اپ گریڈنگ، یونیورسٹی ٹرانسفر، مسلسل تعلیم اور کچھ ڈگری پروگرامس پیش کرتے ہیں۔ پرائیویٹ کالجز بعض اوقات کسی مذہبی تنظیم سے منسلک ہوتے ہیں۔
- پولی ٹیکنک انسٹی ٹیوٹس سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ، اپلائیڈ ڈگری، اپرنٹس شپ اور مسلسل تعلیمی پروگرام پیش کرتے ہیں۔ زیادہ تر کورسزمخصوص مہارت والے پیشے (trades) یا تکنیکی کام سے متعلق ہیں۔
- پرائیویٹ ووکیشنل اسکول مخصوص پیشوں کے لیے ٹریننگ پیش کرتے ہیں جیسے کہ نِیلام کُنندہ (آکشنیئر)، بارٹینڈر(bartender)، ماڈل یا کمپیوٹر ایڈیڈ ڈرافٹنگ ٹیکنیشن(computer-aided-drafting technician)۔
- اپرنٹس شپ ٹریننگ پروگرام کلاس روم اور کورسزمخصوص مہارت والے پیشوں (trades) میں ملازمت کے دوران تربیت کا مجموعہ فراہم کرتے ہیں۔
- بالغوں کی تعلیم کو جاری تعلیم یا ترقی ّذیر (ایڈوانسڈ) تعلیم کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ یہ ان بالغوں کے لیے کلاسز یا کورسز پر مشتمل ہے جو اپنا ہائی اسکول ڈپلومہ مکمل کرنا چاہتے ہیں، قابلیت کو اپ گریڈ کرنا چاہتے ہیں، نئے موضوعات کے بارے میں جاننا اور نئی مہارتیں حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

### اپنی انگریزی بہتربنائیں
انگریزی بنیادی زبان ہے جو البرٹا میں کاروبار، اسکول اور روزمرہ کی زندگی کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مضبوط زبانی اور تحریری انگریزی کی مہارتیں آپ کی آباد کاری اور ملازمت کی تلاش کو ایک ہموار عمل بنا دے گی۔

البرٹا میں بہت سے مقامات انگریزی زبان کی تربیت فراہم کرتے ہیں، بشمول کالجز یا یونیورسٹیاں، تارکین وطن کی خدمت کرنے والی ایجنسیز، نجی کاروبار، اور مذہبی اور کمیونٹی تنظیمیں۔

کینیڈا کی یا البرٹا کی حکومتوں کی طرف سے پیش کیے جانے والے زبان کے پروگرامز مفت ہیں یا نجی فراہم کنندگان کے مقابلے میں ان کی قیمت کم ہے۔

اپنے اسکول یا البرٹا سپورٹ سینٹر سے بات کریں کہ آیا آپ زبان کی کلاسوں میں شرکت کے لیے مالی مدد کے اہل ہیں یا نہیں۔ اس مدد میں بچوں کی دیکھ بھال، نقل و حمل اور رہنے کے الاؤنس شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کو نوکری کے لیے کوئی کورس کرنے کی ضرورت ہے، تو آپ ونڈ مل مائیکرولینڈنگ (Windmill Microlending) سے قرض کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

### اپنی انگریزی کی مہارت کا اندازہ لگائیں
کینیڈین لینگویج بینچ مارکس (CLB) کو کینیڈا میں زبان کی مہارت کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔جو شخص بینچ مارک 1 پر ہے، اس کی انگریزی کی مہارتیں کم ہیں یا نہیں ہیں۔جو شخص بینچ مارک 12 پر ہے اسے روانی سے انگریزی بولنا آتی ہے۔

عام طور پر، آپ کو روز مرہ زندگی گزارنے کے لیے CLB4 کی ضرورت ہے۔ البرٹا میں کام کرنے کے لیے عام طور پر CLB5 سے لے کر 8 تک کی ضرورت ہوتی ہے۔ البرٹا میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے CLB6 سےلے کر 9 تک یا اس سے زیادہ کی ضرورت ہے۔

اپنے CLB کی سطح کو جاننے کے لیے:

- مفت کینیڈین لینگویج بینچ مارکس(سی ایل بی) (Canadian Language Benchmarks (CLB)) کی آن لائن خود کار جانچ (سیلف اسسمنٹ) کریں۔ اس سے آپ کو آپ کے موجودہ CLB لیول کا اندازہ ملے گا۔
- درج ذیل لینگویج اسسمنٹ اینڈ ریفرل سنٹرز (Language Assessment and Referral Centres) میں سے کسی ایک پر CLB کا آفیشل اسیسمنٹ مکمل کریں۔

اگر آپ اپنی انگریزی زبان کی مہارت کو بہتر بنانے کے خواہاں ہیں، تو حکومت کینیڈا اور مختلف تنظیموں کے ذریعے فراہم کردہ کئی اختیارات ہیں۔ مزید اختیارات کے لیے اس سیکشن کے آخر میں فوری لنکس(Quicklinks) دیکھیں۔

## بچوں کی دیکھ بھال

البرٹا میں ایسا کوئی قانون نہیں ہے جو یہ بتاتا ہو کہ بچوں کو کس عمر میں تنہا چھوڑا جا سکتا ہے۔ آپ کو اچھے فیصلے کا استعمال کرنا چاہئے اور اپنے بچے کی عمر اور پختگی پر غور کرنا چاہئے۔ زیادہ تر البرٹنس 12 سال سے کم عمر کے بچوں کی دیکھ بھال (چائلڈ کیئر) کے لیے ادائیگی کرتے ہیں۔

بچوں کی دیکھ بھال کے اختیارات میں درج ذیل شامل ہیں:

- لائسنس یافتہ ڈے کیئر سینٹرز جو 7 سال سے کم عمر کے بچوں کی نگرانی کے لیے ذمہ دار ہیں
- فیملی ڈے ہومز (family day homes) والدین کو گھر کی جگہوں میں لائسنس یافتہ چائلڈ کیئر کی خدمات فراہم کرتے ہیں
- اسکول سے باہر (out-of-shool) کی دیکھ بھال کے پروگرامز اسکول جانے والی عمر کے بچوں کو عام اسکول کے اوقات سے باہر کی دیکھ بھال فراہم کرتے ہیں
- پری اسکول یا نرسری پروگرامز 2 سے 5 سال کی عمر کے بچوں کو سیکھنے، کھیلنے اور نشوونما پانے کی ترغیب دیتے ہیں

اگر آپ بچوں کی نگہداشت کے لیے ادائیگی کرنے کے متحمل نہیں ہوسکتے ہیں، تو آپ حکومتی مالیاتی چائلڈ کیئر سپورٹ کے اہل ہوسکتے ہیں۔

### خصوصی ضروریات (special needs) والے بچے

اگر آپ کے بچے کو خصوصی ضرورت ہے، جیسے جاری طبی دیکھ بھال، معذوری یا نشو نما میں تاخیر، تو چلڈرن سروسز (Children Services) یا فیملی سپورٹ فار چلڈرن ود ڈس ایبلٹیز (ایف ایس سی ڈی) (Family Support for Children with Disabilities(FSCD)) پروگرام کے ذریعے مدد دستیاب ہے۔



### فوری لنکس (Quicklinks) اور رابطہ کی معلومات

بچوں کی دیکھ بھال کے لیے حکومت کی مالی معاونت
https://www.alberta.ca/child-care-subsidy.aspx

بچوں کی خدمات(Children services)
https://www.alberta.ca/childrens-services-office-locations.aspx

فیملی سپورٹ فار چلڈرن ود ڈس ایبلٹیز (ایف ایس سی ڈی) (Family Support for Children with Disabilities(FSCD))
https://www.alberta.ca/fscd.aspx

**فوری لنکس**(Quicklinks)

البرٹا ایڈوانسڈ ایجوکیشن(Alberta Advanced Education)
alberta.ca/advanced-education.aspx

اپنی پڑھائی کی منصوبہ بندی کریں - اسناد اور پروگرامز
http://study.alberta.ca/plan-your-studies/credentials-/programs

سی ایل بی سیلف اسیسمنٹ (CLBSelf-Assessment)
clb-osa.ca/home

لینگویج اسسمنٹ، ریفرل اینڈ کاؤنسیلنگ سنٹر ناردرن البرٹا
(Language Assessment, Referral and Counselling Centre Northern Alberta)
larcc.cssalberta.ca

سدرن البرٹا (Southern Alberta)
settlementcalgary.com/clarc-registration

چائلڈ کیئر سب سیڈی(Child care subsidy)
alberta.ca/child-care-subsidy.aspx

بچوں کی سروسز (Children'sServices)
alberta.ca/childrens-services-office-locations.aspx

ایف ایس سی ڈی پروگرام (FSCD program)
alberta.ca/fscd.aspx

ویمنز ہب (Women's Hub)
https://www.alberta.ca/womens-hub.aspx

فیملی تشدد کی معلوماتی لائن (Family Violence InfoLine) کا فون 1818 310

ہنگامی پناہ گاہیں
https://www.alberta.ca/find-shelters.aspx

قبل از آمد خدمات (Pre-arrival services)
https://www.canada.ca/en/immigration-refugees-citizenship/services/new-immigrants/new-life-canada/pre-arrival-services.html

البرٹا اسوسیئشن آف امیگرنٹ سرونگ اجینسیز
(Alberta Association of Immigrant Serving Agencies)
aaisa.ca/membership-directory

سروس البرٹا – ر ینٹل اگریمنٹس (Service Alberta – Rental)
alberta.ca/rental-agreements.aspx

گھر خریدنے کے بارے میں مزید جانیں| کینیڈا مارٹگیج اینڈ ہاؤسنگ کارپوریشن (سی ایم ایچ سی)
((Canada Mortgage and Housing Corporation (CMHC)
https://www.cmhc-schl.gc.ca/en

ایڈمنٹن ٹرانزٹ کی معلومات
edmonton.ca/edmonton-transit-system-ets.aspx

کیلگری ٹرانزٹ کی معلومات
https://www.calgarytransit.com/home.html

ڈرائیور کا لائسنس حاصل کریں
alberta.ca/get-drivers-licence.aspx

گاڑی خریدیں یا لیز پر لیں
alberta.ca/buying-selling-vehicle.aspx

گاڑی کا بیمہ کروائیں
airb.alberta.ca/drivers/getting_insurance.aspx

لائسینس پلیٹ حاصل کریں
alberta.ca/licence-plates.aspx

ڈاکٹر تلاش کریں
https://www.albertahealthservices.ca/info/Page13253.aspx

دماغی صحت کے مسائل کے لیے مفت خدمات
http://www.albertahealthservices.ca/amh/amh.aspx

## نمبروں کے حساب سے مواقع

**455**
قومی اور صوبائی پارکس

البرٹا میں 455 سے زیادہ قومی اور صوبائی پارکس اور محفوظ علاقے ہیں جن میں حیرت انگیز پہاڑ، گھومتے ہوئے دامن، گھنے جنگلات اور وسیع کھلی گھاس کے میدان ہیں۔

**+6K**
بین الاقوامی کارکنان

2020 میں، 6,670 بین الاقوامی کارکن کینیڈا کے عارضی غیر ملکی ورکر پروگرام کے ذریعے البرٹا آئے۔

**+6K**
نامزدگی کے سرٹیفکیٹس

ہم نے 2020 میں البرٹا ایڈوانٹیج امیگریشن پروگرام کے ذریعے تارکین وطن کو 6,250 نامزدگی کے سرٹیفکیٹس جاری کیےاور ان کو البرٹا میں مستقل طور پر رہنے میں مدد ملی۔

**8%**
کاروباری ٹیکس

البرٹا کے کاروباری ٹیکس کی شرح 8 فیصد ہے – یہ کینیڈا میں سب سے کم شرح ہےاور شمالی امریکہ میں سب سے کم شرحوں میں سے ہے۔

**26**
یونیورسٹیز اور کالجز

البرٹا میں 26 یونیورسٹیز اور کالجز ہیں جہاں 27,000 سے زیادہ بین الاقوامی طلباء نے 2020-2021 میں اعلیٰ معیار کی پوسٹ سیکنڈری تعلیم حاصل کی۔

**90K**
اگلے 3 سالوں میں ملازمتیں

ہم اگلے تین سالوں میں سینکڑوں منصوبوں کی تعمیر اور ۹۰,۰۰۰ براہ راست اور بالواسطہ ملازمتیں پیدا کرنے کے لیے 20.7 بلین ڈالر کی سرمایہ کاری کر رہے ہیں۔

**$104K**
درمیانی آمدنی

البرٹا کے خاندان ٹیکس کے بعد 104,000 ڈالرزکی درمیانی آمدنی حاصل کرتے ہیں۔ یہ کینیڈین اوسط92,800 ڈالرزسے زیادہ ہے۔